| Version No. | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |
| ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ |
| ① | ① | ① | ① |
| ② | ② | ② | ② |
| ③ | ③ | ③ | ③ |
| ④ | ④ | ④ | ④ |
| ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ |
| ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ |
| ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ |
| ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ |
| ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ |

| ROLL NUMBER | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |
| ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ | ⓪ |
| ① | ① | ① | ① | ① | ① | ① |
| ② | ② | ② | ② | ② | ② | ② |
| ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ | ③ |
| ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ | ④ |
| ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ | ⑤ |
| ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ | ⑥ |
| ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ | ⑦ |
| ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ | ⑧ |
| ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ | ⑨ |

**Answer Sheet No.____________**

**Sign. of Candidate ___________**

**Sign. of Invigilator ___________**

# اردو(لازمی) برائے جماعت دہم (3rd Set)

ماڈل سوالیہ پرچہ (کریکلم 2006ء)

حصہ اوّل (کل نمبر:15، وقت:20منٹ)

حصہ اول لازمی ہے۔اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔**لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔**

**سوال نمبر1:** ہر جزو کے سامنے دیے گئے درست دائرہ کو پر کریں۔

(1) جس نظم میں ٹیپ کا مصرعہ ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) پابند نظم ○ (B) آزاد نظم ○

(C) ترکیب بند ○ (D) ترجیع بند ○

(2) ایسی نظم جس میں شہر کی تباہی و بربادی کو موضوع بنایا گیا ہو کیا کہلاتی ہے؟

(A) مرثیہ ○ (B) نوحہ ○

(C) شہر آشوب ○ (D) واسوخت ○

(3) "حمید بہت چالاک ہے"۔ قواعد کی رو سے یہ کون سا جملہ ہے؟

(A) جملہ معترضہ ○ (B) جملہ اسمیہ ○

(C) جملہ فعلیہ ○ (D) مرکب جملہ ○

(4) کسی شخص کا حلیہ، خدوخال اور ذاتی احوال بیان کرنا، کس تحریر کے اہم حصے شمار کیے جاتے ہیں؟

(A) انشائیہ ○ (B) خاکہ ○

(C) داستان ○ (D) ناول ○

(5) ذیل میں کون سا مصرع صنعت تلمیح کی مثال ہے؟

(A) سبق ملا ہے یہ معراج مصطفیٰؐ سے مجھ ○ (B) ایک روشن دماغ تھا نہ رہا ○

(C) خوف ہم کو نہیں جنوں سے کچھ ○ (D) ہم کو ہر دور کی گردش نے سلامی دی ہے ○

(6) "خرگوش کی کھال ریشم جیسی ملائم ہے۔" یہ جملہ علم بیان کی رو سے کس کی مثال ہے؟

(A) کنایہ ○ (B) مجاز مرسل ○

(C) تشبیہ ○ (D) استعارہ ○



FBISE SOLVED PAST PAPERS

(7) غزل کے سب سے بہترین شعر کو کہتے ہیں:

(A) حسن مطلع ◯ (B) مطلع ثانی ◯

(C) بیت الغزل ◯ (D) مقطع ◯

(8) "طاہرہ ذہین لڑکی ہے"۔ اس جملے میں مسند کیا ہے؟

(A) طاہرہ ◯ (B) ذہین ◯

(C) لڑکی ◯ (D) ہے ◯

(9) ترکیب نحوی میں جملہ فعلیہ کے اجزا کی ترتیب کون سی ہوتی ہے؟

(A) فعل، فاعل، مفعول، متعلق فعل ◯ (B) فاعل، مفعول، فعل، متعلق فعل ◯

(C) متعلق فعل، فاعل، مفعول، فعل ◯ (D) مفعول، فاعل، متعلق فعل، فعل ◯

(10) "طبیعت پر گراں نہ گزرے تو کواڑ کھول دیں" قواعد کی رو سے یہ جملہ کس انداز بیاں کی مثال ہے؟

(A) دفتری ◯ (B) ادبی ◯

(C) عدالتی ◯ (D) صحافتی ◯

(11) وہ غزل جس میں ردیف نہ ہو کیا کہلاتی ہے؟

(A) بیت الغزل ◯ (B) مسلسل غزل ◯

(C) غیر مردّف ◯ (D) قطعہ بند ◯

(12) "بازار میں ہجوم تھا" اس جملے میں قواعد کی رو سے "جر" کس لفظ کو کہیں گے؟

(A) بازار ◯ (B) میں ◯

(C) ہجوم ◯ (D) تھا ◯

(13) خلاصہ اصل عبارت کا کتنا حصّہ ہوتا ہے؟

(A) ایک تہائی حصہ ◯ (B) دو تہائی حصہ ◯

(C) چوتھائی حصہ ◯ (D) دوگنا ◯

(14) ہر شعر میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

(A) دو ◯ (B) تین ◯

(C) چار ◯ (D) پانچ ◯

(15) "چائے چولہے پر رکھ دو" اس جملے میں مجاز مرسل کی کون سی صورت استعمال ہوئی ہے؟

(A) سبب کہ کر نتیجہ مراد لینا ◯ (B) مسبب کہ کر سبب مراد لینا ◯

(C) ظرف کہ کر مظروف مراد لینا ◯ (D) مظروف کہ کر ظرف مراد لینا ◯

---

FBISE SOLVED PAST PAPERS

# فیڈرل بورڈ امتحان برائے جماعت دہم

## اردو (لازمی) ماڈل سوالیہ پرچہ (کریکلم 2006)

وقت: 2:40 گھنٹے — کل نمبر: 60

**نوٹ:** حصہ دوم اور سوم میں دیے گئے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کل نمبر 30)

**سوال نمبر2: (الف) حصہ نثر:**

**عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات میں سے سات کے جوابات اپنے الفاظ میں لکھیں:** (7 x 2 = 14)

برخوردار میر نصیر الدین پر ان کی بیٹی کا قدم مبارک ہو۔ نام تاریخی تو مجھ سے ڈھونڈا نہ جائے گا، ہاں عظیم النسا بیگم نام اچھا ہے کہ اس میں ایک رعایت ہے، شاہ محمد عظیم صاحب رحمۃ اللہ کے نام کی۔ مجتہد العصر کو میری دعا کہنا۔ تم کو کیا ہوا ہے کہ ان کو اپنا چھوٹا بھائی جان کر مجتہد العصر نہیں لکھا کرتے؟ یہ بے ادبی اچھی نہیں۔ میرن صاحب کو بہت بہت دعا کہنا اور میری طرف سے پیار کرنا۔

شہر کا حال کیا جانوں کیا ہے؟ "پون ٹوٹی" کوئی چیز ہے، وہ جاری ہو گئی ہے۔ سوائے اناج اور اُپلے کے کوئی چیز ایسی نہیں، جس پر محصول نہ لگا ہو۔ جامع مسجد کے گرد پچیس پچیس فٹ گول میدان نکلے گا۔ دکانیں حویلیاں ڈھائی جائیں گی۔ دار البقا فنا ہو جائے گی۔ رہے نام اللہ کا۔ خان چند کا کوچہ شاہ بولا کے بڑ تک ڈھے گا۔ دونوں طرف سے پھاوڑا چل رہا ہے۔ باقی خیر و عافیت ہے۔

حاکمِ اکبر کی آمد سُن رہے ہیں۔ دیکھیے ولّی آئیں یا نہیں؟ آئیں تو دربار کریں یا نہیں؟ دربار کریں تو مَیں گنہ گار بلایا جاؤں یا نہیں؟ بلایا جاؤں تو خلعت پاؤں یا نہیں؟ پنسن کا تو نہ کہیں ذکر ہے، نہ کسی کو خبر ہے۔

**سوالات:**

i. اس عبارت کا مرکزی خیال لکھیں۔
ii. عبارت کا خلاصہ لکھیں۔
iii. عبارت میں کس کو دعا و پیار کہا جا رہا ہے؟
iv. کون سی بے ادبی اچھی نہیں؟
v. کن چیزوں پر محصول نہیں لگا تھا؟
vi. "دار البقا فنا ہو جائے گی" سے کیا مراد ہے؟
vii. عبارت میں کس کی آمد کا ذکر ہے؟
viii. عبارت میں کس نام کو اچھا کہا گیا ہے؟
ix. شہر کا کیا حال ہے؟

**(ب) حصہ شعر:**

**درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات میں پانچ کے جوابات لکھیں:** (5 x 2 = 10)

i. زمانے کو اب اپنی منزل مبارک — کہ اِک خضرِ صدرہ گزار آ گیا ہے
ii. جب کوئی ذکر گردشِ ایّام آ گیا — بے اختیار لب پہ تیرا نام آ گیا
iii. بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام — کنجِ زنداں بھی نہیں، وسعتِ صحرا بھی نہیں
iv. رونقیں ہی رونقیں ہیں، جس طرف بھی دیکھیے — چیخنے لگتے ہیں اس پر شام ہوتے ہی شغال
v. میاں شُتر نئی گاڑی لیے سفر کو چلے — مجھے خوشی ہے کہ تم آ گئے پہاڑ تلے

**سوالات:**

i. خضرِ صدرہ گزار سے کون مراد ہے؟



FBISE SOLVED PAST PAPERS

ii. بقول شاعر گردشِ ایّام سے کیا ہوا؟

iii. شاعر کے مطابق دلِ وحشی کا مقام کہاں نہیں ہے؟

iv. شام ہوتے ہی کیا ہوتا ہے؟

v. شاعر کو کس بات کی خوشی ہے؟

vi. میاں شُتر کہاں چل رہے ہیں؟

(ج) **حصہ قواعد:**

**مندرجہ ذیل میں سے تین اجزا کے جوابات لکھیں۔** **(3 x 2 = 6)**

i. شمع پر روضۂ اقدس کی جو گرتے ہیں پتنگ　　پرِ جبرئیلؑ کی کانوں میں صدا آتی ہے

اس شعر میں استعمال ہونے والی صنعت کی نشاندہی کریں۔

ii. مسدس ترکیب بند نظم کی تعریف لکھیں۔

iii. "ٹھنڈا پانی خُدا کی نعمت ہے۔" اس جملے کی ترکیب نحوی کیجیے۔

iv. مثال دے کر کنایہ کی تعریف لکھیں۔

## حصہ سوم (کل نمبر 30)

سوال نمبر 3: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کریں: (5)

الف۔ چین پر کون سا غیر ملکی استعمار مسلط تھا، یہ کوئی راز کی بات نہیں ہے۔ سفید قومیں خوب جانتی تھیں اور جانتی ہیں کہ ایشیا میں چین ہی ایک ایسا ملک ہے کہ اگر وہ بیدار ہو گیا تو ان سفید قوموں کے لیے باعثِ خطرہ ہو گا۔ جس طرح ایشیا اور افریقہ مغرب کے سفید فاموں کی گرفت میں ہیں۔ ہو سکتا ہے اور ضرور ہو سکتا ہے کہ کل چین کی بیداری اور طاقت اس گرفت کو ڈھیلا ہی نہ کر دے، بلکہ غلامی کی زنجیروں کو کاٹ کر پھینک دے اور ایشیا اور افریقہ آزادی کا سانس لے سکیں۔

ب۔ امی جان نے جانے کب سے تین روپے جوڑ کر رکھے تھے، سو نکال کر دیے کہ تم عقیل کو ساتھ لے کر چلی جاؤ۔ عقیل بچہ ہی سہی لیکن ہے تو لڑکا۔ بس یہی ان کی بات تو مجھے زہر معلوم ہوتی ہے۔ جانے وہ لڑکیوں کو کیا سمجھتی ہیں۔ مَیں نے ان سے پوچھا کہ مَیں کیا کوئی لڈو پیڑا ہوں، جو کوئی کھالے گا اور عقیل کو دیکھ کر ڈر کے مارے اُگل دے گا۔ آخر سلمیٰ اور رضیہ بھی تو لڑکیاں ہیں۔ کیسے مزے میں تنہا سفر کیا کرتی ہیں۔ اس پر انھوں نے کہا کہ بھئی! وہ بڑے آدمی کی لڑکیاں ہیں۔

سوال نمبر 4: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظمیہ جزو کی تشریح کیجیے: (5)

الف۔
غریبوں کی جاں کو، یتیموں کے دل کو　　سکوں ہو گیا ہے، قرار آگیا ہے
اُصولِ محبت ہے، پیغام جس کا　　وہ محبوبِ پروردِگار آگیا ہے
اب انساں کو انساں کا عرفان ہو گا
یقیں ہو گیا، اعتبار آگیا ہے

ب۔
کہیں یہ قتل سیاست کا نتیجہ تو نہیں؟　　مرنے والا کسی لیڈر کا بھتیجا تو نہیں؟
کہیں اس قتل کے پیچھے کوئی رومان نہ ہو؟　　کہیں یہ قتل کسی نظم کا عنوان نہ ہو؟
کہیں بیمارِ غمِ دل تو نہیں تھا یہ گدھا؟
کہیں خود اپنا ہی قاتل تو نہیں تھا یہ گدھا؟

سوال نمبر 5: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کیجیے: (5)

الف۔
ایک مدت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں　　اور ہم بھول گئے ہوں تجھے، ایسا بھی نہیں
یوں تو ہنگامے اٹھاتے نہیں دیوانۂ عشق　　مگر اے دوست، کچھ ایسوں کا ٹھکانا بھی نہیں



FBISE SOLVED PAST PAPERS

ب۔ جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے — یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں
تھے کتنے ستارے کہ سرِ شام ہی ڈوبے — ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

سوال نمبر6: بنیادی مرکز صحت کے قیام کے لیے ہیلتھ منسٹر کے نام درخواست لکھیں۔ (5)

سوال نمبر7: اشارات کی مدد سے مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر پانچ سو سے چھ سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیں۔ (10)

**الف۔ طالب علم کے فرائض:**

i. طالب علم کا اولین فریضہ
ii. نصاب پر عبور
iii. اصولوں اور وقت کا پابند
iv. ہم نصابی سرگرمیاں
v. ملکی و قومی ترقی میں کردار

**ب۔ والدین کی اطاعت:**

i. مقام والدین
ii. قرآن و حدیث کی روشنی میں
iii. خدمت والدین
iv. والدین کے لیے دعا
v. اولاد کا فرض

* * * * *

FBISE SOLVED PAST PAPERS

# اردو (لازمی) برائے جماعت دہم (3rd Set)

سوالات کا حاصلاتِ تعلّم کے ساتھ تعلق

(کریکلم 2006ء)

حصہ اوّل

**سوال نمبر 1:**

| جزو نمبر | مہارت | حاصلاتِ تعلّم |
|---|---|---|
| (1) | زبان شناسی | غزل اور نظم میں ہیئت کے لحاظ سے امتیاز کر سکے۔ |
| (2) | زبان شناسی | مختلف اصنافِ سخن کے لحاظ سے فن پاروں کو سمجھ سکے۔ |
| (3) | زبان شناسی | جملے کی تقطیع اجزا میں کر سکے۔<br>جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ کی ترکیب نحوی کر سکے۔ |
| (4) | زبان شناسی | مختلف اصناف سخن کے لحاظ سے فن پاروں کو سمجھ سکے۔ |
| (5) | زبان شناسی | اشعار میں متعدد عناصر کو تلاش کر سکے۔ |
| (6) | زبان شناسی | عبارت میں تشبیہ، استعارا، کنایہ، مجاز مرسل کو پہچان سکے۔ |
| (7) | استحسان اور تنقید | کسی فن پارے (نثر و نظم) کا علم بیان اور شعری اصطلاحات کی روشنی میں جائزہ لے سکے اور خلاصہ یا تشریح کر سکے۔ |
| (8) | زبان شناسی | جملے کی تقطیع اجزا میں کر سکے۔<br>جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ کی ترکیب نحوی کر سکے۔ |
| (9) | زبان شناسی | جملے کی تقطیع اجزا میں کر سکے۔<br>جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ کی ترکیب نحوی کر سکے۔ |
| (10) | زبان شناسی | اپنی تحریروں کو مختلف انداز بیاں یا محضر کے لحاظ سے تحریر کرنا سیکھ سکے۔ |
| (11) | استحسان اور تنقید | کسی فن پارے (نثر و نظم) کا علم بیان اور شعری اصطلاحات کی روشنی میں جائزہ لے سکے اور خلاصہ یا تشریح کر سکے۔ |
| (12) | زبان شناسی | جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ کی ترکیب نحوی کر سکے۔ |
| (13) | زبان شناسی | مختلف اصنافِ سخن کے لحاظ سے فن پاروں کو سمجھ سکے۔ |
| (14) | زبان شناسی | غزل اور نظم میں ہیئت کے لحاظ سے امتیاز کر سکے۔ |
| (15) | زبان شناسی | عبارت میں تشبیہ، استعارا، کنایہ، مجاز مرسل کو پہچان سکے۔ |

## حصہ دوم

| سوال نمبر | جزو نمبر | مہارت | حاصلاتِ تعلّم |
|---|---|---|---|
| 2 | (الف) i. | استحسان اور تنقید | کسی فن پارے کے مرکزی خیال کو بیان کر سکے۔ |
| | ii. | استحسان اور تنقید | کسی فن پارے (نثر و نظم) کا علم بیان اور شعری اصطلاحات کی روشنی میں جائزہ لے سکے اور خلاصہ یا |

FBISE SOLVED PAST PAPERS

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | تشریح کر سکے۔ |
| | iii. | لکھنا | مرکزی خیال کے حوالے سے ادب پارے کا خلاصہ، بنیادی نکات درج کر کے لکھ سکے۔ |
| | iv. | لکھنا | مرکزی خیال کے حوالے سے ادب پارے کا خلاصہ، بنیادی نکات درج کر کے لکھ سکے۔ |
| | v. | لکھنا | مرکزی خیال کے حوالے سے ادب پارے کا خلاصہ، بنیادی نکات درج کر کے لکھ سکے۔ |
| | vi. | لکھنا | مرکزی خیال کے حوالے سے ادب پارے کا خلاصہ، بنیادی نکات درج کر کے لکھ سکے۔ |
| | vii. | لکھنا | مرکزی خیال کے حوالے سے ادب پارے کا خلاصہ، بنیادی نکات درج کر کے لکھ سکے۔ |
| | viii. | لکھنا | مرکزی خیال کے حوالے سے ادب پارے کا خلاصہ، بنیادی نکات درج کر کے لکھ سکے۔ |
| | ix. | لکھنا | مرکزی خیال کے حوالے سے ادب پارے کا خلاصہ، بنیادی نکات درج کر کے لکھ سکے۔ |
| | (ب)i. | لکھنا | مرکزی خیال کے حوالے سے ادب پارے کا خلاصہ، بنیادی نکات درج کر کے لکھ سکے۔ |
| | ii. | لکھنا | مرکزی خیال کے حوالے سے ادب پارے کا خلاصہ، بنیادی نکات درج کر کے لکھ سکے۔ |
| | iii. | لکھنا | مرکزی خیال کے حوالے سے ادب پارے کا خلاصہ، بنیادی نکات درج کر کے لکھ سکے۔ |
| | iv. | لکھنا | مرکزی خیال کے حوالے سے ادب پارے کا خلاصہ، بنیادی نکات درج کر کے لکھ سکے۔ |
| | v. | لکھنا | مرکزی خیال کے حوالے سے ادب پارے کا خلاصہ، بنیادی نکات درج کر کے لکھ سکے۔ |
| | vi. | لکھنا | مرکزی خیال کے حوالے سے ادب پارے کا خلاصہ، بنیادی نکات درج کر کے لکھ سکے۔ |
| | (ج)i. | زبان شناسی | اشعار میں متعدد عناصر کو تلاش کر سکے۔ |
| | ii. | زبان شناسی | مختلف اصناف سخن کے لحاظ سے فن پاروں کو سمجھ سکے۔ |
| | iii. | زبان شناسی | جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ کی ترکیب نحوی کر سکے۔ |
| | iv. | زبان شناسی | عبارت میں تشبیہ، استعارا، کنایہ، مجاز مرسل کو پہچان سکے۔ |

## حصہ سوم

| سوالنمبر | جزو نمبر | مہارت | حاصلاتِ تعلم |
|---|---|---|---|
| 3 | | استحسان اور تنقید | کسی نثر پارے یا فن پارے کا فنی و فکری خوبیوں اور نقائص (حسن و قبح) کے پیشِ نظر تشریح کر سکے یا خلاصہ لکھ سکے۔ |
| 4 | | لکھنا | کسی نظم کی نثر کی صورت میں تشریح کر سکے۔ |
| 5 | | لکھنا | کسی نظم کی نثر کی صورت میں تشریح کر سکے۔ |
| 6 | | لکھنا | زندگی کی بنیادی ضرورتوں کے لیے متعلقہ محکمہ میں درخواست لکھ کر بھیج سکے۔ |
| 7 | | انشا پردازی<br>مہارتِ حیات | تخیل کی اڑان کے ساتھ پانچ سو سے زائد الفاظ کی ضخامت کا مضمون تخلیقی سطح پر عمدہ مثالیں، منظر نگاری، مکالمہ نگاری، کردار نگاری وغیرہ کے حوالے سے پیش کر سکے۔<br>مختلف رسائل میں کہانیاں، مضامین پڑھ کر ان سے کوئی نتیجہ اخذ کر سکے اور خود بھی عمومی موضوعات پر لکھ سکے۔ |

FBISE SOLVED PAST PAPERS

## URDU COMPULSORY SSC-II (3rd Set)
Table of Specifications

| Assessment Objectives | تدریجی مقصود<br>لکھنا | تدریجی مقصود<br>انشاپردازی | تدریجی مقصود<br>زبان شناسی | تدریجی مقصود<br>استحسان اور تنقید | تدریجی مقصود<br>مہارتِ حیات | کل نمبر | فیصد |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سمجھنا<br>**Understanding Based** | 2الف(vi)(2)، 2الف(ix)(2)، 2ب(i-iii)(6)، 2ب(v)(2)، 4(3)، 5(3) | | 1(2)(1)، 1(3)(1)، 1(4)(1)، 1(8)(1)، 1(5)(1)، 1(9)(1)، 1(14)(1)، 2ج(i)(2)، 2ج(iii)(2)، 2ج(iv)(2) | 2الف(i)(2)، 2الف(ii)(2)، 3(3) | 7(5) | 43 | 51.8% |
| یاد میں لانا<br>**Knowledge Based** | 2الف(iii)(2)، 2الف(iv)(2)، 2الف(v)(2)، 2الف(vii)(2)، 2الف(viii)(2)، 2ب(iv)(2)، 2ب(vi)(2)، 6(3) | | 1(1)(1)، 1(12)(1)، 1(13)(1)، 2ج(ii)(2) | 1(11)(1)، 1(7)(1) | | 24 | 28.9% |
| لاگو کرنا<br>**Application Based** | 4(2)، 5(2)، 6(2) | 7(5) | 1(6)(1)، 1(10)(1)، 1(15)(1) | 3(2) | | 16 | 19.3% |
| **Total Marks** | 41 | 5 | 21 | 11 | 5 | 83 | 100% |

Key:
2الف(i)(2)
سوال نمبر جزو(جزو کا جزو)(کل نمبر)

Note: (i) The policy of FBISE for knowledge base questions, understanding based questions is approximately 30% knowledge based, 50% understanding based and 20% application based.
(ii) The total marks specified for each unit/content in the Table of Specification is only related to this model question paper.
(iii) The level of difficulty of the paper is approximately 40% easy, 40% moderate and 20% difficult

FBISE SOLVED PAST PAPERS